1989ء سے مسلسل اشاعت | 3 تا 9 جون 2022 | شمارہ نمبر 23 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-



FAIR TRADE (Pvt) Limted

A Trusted & Reliable Name for Genuine Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل

محمد سلیم بیکیا

چیئرمین





کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

BMG

بزنس مین گروپ

خامس سعید بٹ

گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 28 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**

**ایڈیٹوریل بورڈ**

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**

قیمت: 70 روپے

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 0102560271401129960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

## انوائس کو کنٹینرز میں رکھنے کا عمل غیر حقیقی ہے، صدر فیڈریشن کی وزیر خزانہ سے عملدرآمد 30 جون تک موخر کرنے کی اپیل

کراچی (پیپر بزنس نیوز) صدر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری عرفان اقبال شیخ نے مفتح اسماعیل، وفاقی وزیر خزانہ اور محصولات، حکومت پاکستان، اسلام آباد کے نام ایک خط میں درخواست کی ہے کہ SRO,567 (T)2022/ پر عملدرآمد کی تاریخ کو 1 جولائی 2022 تک موخر کر دیا جائے۔ صدر فیڈریشن نے اپنے خط میں کہا کہ ایف بی آر نے SRO.567 (0)2022 مورخہ 27 اپریل 2022 کو جاری کیا ہے تاکہ کسٹم رولز 2001 کے رول 389 اور 433 (A) میں مزید ترامیم کی جائیں۔ عرفان اقبال نے کہا کہ اپنی بڑی تعداد میں ممبر تجارتی اداروں کی طرف سے انوائس کو شپمنٹ سے پہلے رکھنے کی غیر عملیت کے بارے میں متعدد سوالات موصول ہوئے ہیں اور اس طریقہ کار کے بارے میں بھی سوالات کیے گئے ہیں جو کہ کسٹم رولز 2001 اور کسٹم ایکٹ 1969 کے مطابق مذکورہ قواعد کے صحیح نفاذ کے لیے اپنایا جائے گا۔ مزید، اس بات کی بھی نشاندہی کی گئی ہے کہ جرمانے کے پہلے سے طے شدہ سلیبس بھی غیر مناسب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ شق کی عدم تعمیل کی صورت میں عائد کیے جانے والے سخت جرمانے کے خلاف کاروباری برادری کو شدید تحفظات ہیں، کیونکہ مختلف اجناس، خام مال اور درمیانی اشیا بڑی مقدار میں درآمد کی جاتی ہیں جس کی وجہ سے اس کو رکھنا ناقابل عمل ہے۔ سامان پر انوائسکے بہت سے معاملات میں، فائدہ اٹھانے والا ایک ملک میں ہے اور اصل بھیجنے والا دوسرے ملک میں ہوسکتا ہے، ایسی صورتوں میں انوائس کی جگہ کا تعین غیر عملی ہے۔ لہذا، فیڈریشن تجویز کرتا ہے کہ کسٹم ایکٹ کے سیکشن 156 کے سریل نمبر 1 کی شق (ii) اور (iii) کے تحت قاعدہ 389 اور 433 (A) کی خلاف ورزی پر عائد جرمانے کی ایک زیادہ سے زیادہ رقم کی وضاحت کی جا سکتی ہے۔ مقررہ رقم کے مختلف سلیب کے بجائے SRO.567 (1)/2022 کی مؤثر تاریخ مورخہ 27" اپریل 2022 کو یکم جولائی 2022 تک موخر کرنے اور آئندہ بجٹ میں مضامین کے جرمانے کے سلیب کا جائزہ لینے کی درخواست کی گئی ہے۔

## پیٹرولیم قیمتوں میں اضافہ: گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 30 فیصد اضافہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کراچی گڈز کیئریئرز ایسوسی ایشن اور گڈز ٹرانسپورٹرز نے ایک سرکلر کے ذریعے تمام افراد کو مطلع کیا ہے کہ کراچی گڈز کیئریئرز ایسوسی ایشن کی کابینہ کا اجلاس صدر رانا محمد اسلم کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں موجودہ ہوشربا مہنگائی، پٹرولیم مصنوعات، ٹائرز اسپیئر پارٹس اور آئل کی قیمتوں میں ناقابل برداشت اضافے کی وجہ سے جو صورت حال پیدا ہوگئی ہے اس پر کافی بحث ومباحثہ کے بعد شرکاء نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ کرایوں میں اضافہ اب ناگزیر ہو چکا ہے۔ چنانچہ فیصلے کے مطابق فوری طور پر تھوک اور پرچون مال کے کرایوں میں 30 فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے۔ لہذا تمام گڈز ٹرانسپورٹرز اپنے اپنے اسٹیشنوں پر 30 فیصد کرایہ بڑھا کر لگائیں کیوں کہ فی الفور حالیہ نامساعد حالات سے پیدا ہونے والی صورت حال پر قابو پانے کا یہ واحد راستہ ہے۔



چیئرمین سینٹ آف پاکستان صادق سنجرانی فیڈرل اردو یونیورسٹی کراچی کے ڈپٹی چیئر سینیٹ، کراچی چیمبر کے سابق صدر اور بزنس مین گروپ کے سیکرٹری جنرل، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سابق چیئرمین اے کیو خلیل کو اسلام آباد میں یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں۔ زبیر موتی والا بھی موجود ہیں۔

## 10 جون کو پیش کئے جانے والے ملکی تاریخ کے سخت ترین بجٹ کی تیاری

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملکی تاریخ کے سخت ترین بجٹ کی تیاری شروع ہوگئی۔ نئے مالی سال کے کل اخراجات پورے کرنے کا پلان تشکیل دے دیا گیا۔ آئندہ مالی سال کا بجٹ 10 جون 2022 کو پیش کیا جائے گا۔ اس ضمن میں انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور امپورٹ ڈیوٹی محصولات مزید بڑھائی جائیں گی۔

## سندھ کا بجٹ 14 جون کو پیش کیا جائے گا

کراچی (بزنس ڈیسک) سندھ کا بجٹ 14 جون کو پیش کیا جائے گا، تفصیلات کے مطابق سندھ حکومت نے مالی سال 2022-23 کا بجٹ سندھ اسمبلی میں 14 جون کو پیش کرنے کا فیصلہ کیا ہے، بجٹ اجلاس 14 جون کو صبح 11 بجے طلب کیا گیا ہے، صوبائی حکومت کا بجٹ 1500 ارب روپے سے زائد کا ہوگا۔ بجٹ میں سالانہ ترقیاتی منصوبوں کے لیے 250 ارب روپے مختص کیے جائیں گے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# وفاقی ٹیکس محتسب بلا معاوضہ اور فوری انصاف فراہم کر رہا ہے، مشیران محتسب

## ٹیکس دہندگان اس سے فائدہ اٹھائیں اور کسٹم، انکم ٹیکس و سیلز ٹیکس کے حکام کی زیادتیوں، بدعنوانیوں، تاخیری حربوں اور غیر ضروری نوٹسز کے خلاف رجوع کریں

### وفاقی ٹیکس محتسب نے پیپر مرچنٹس کو ہمیشہ ریلیف دیا اور جلد ہی 2002 کے ریفنڈ کیسز بھی انہیں بھیجے جائیں گے، محمد سلیم بیکیا کا خطاب، مشیران سید طاہر رضا زیدی، بدر الدین قریشی اور ڈائریکٹر عابد محمود کا دورہ اپیما

کراچی (پیپر بزنس نیوز) وفاقی ٹیکس محتسب کا ادارہ ٹیکس دہندگان کو نہایت سستا اور آسان انصاف ان کے دروازے پر فراہم کر رہا ہے اور ہر سال ہزاروں ٹیکس دہندگان اس سے مستفیض ہو رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی ٹیکس محتسب کے مشیران بدر الدین قریشی برائے انکم ٹیکس اور سید طاہر رضا زیدی (برائے کسٹم) نے اپنے دورہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے موقع پر اراکین سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ 26 مئی 2022 کو اپیما کے دفتر کے دورہ کی دعوت سینئر وائس چیئرمین محمد انیس اور چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس محمد سلیم بیکیا نے دی تھی۔ اس موقع پر صدر سدرن زون سید شاہنواز علی کے علاوہ اعزازی جنرل سیکریٹری احمد اظہر اور اراکین کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں بدر الدین قریشی نے کہا کہ وفاقی ٹیکس محتسب کا ادارہ سال 2000 میں قائم کیا گیا۔ اس ادارے کا مقصد ٹیکس حکام کے ہاتھوں بدعنوانی اور بدانتظامی کے شکار متاثرہ شخص کے ساتھ ہونے والی ناانصافی کی شکایات کو فوری اور بلا معاوضہ دور کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مندرجہ ذیل امور کے خلاف وفاقی محتسب کو درخواست دی جا سکتی ہے۔ جس میں قانون اور قواعد وضوابط کے خلاف کارروائی کی گئی ہو۔ کسی قسم کا من مانا اور امتیازی سلوک روا رکھا گیا ہو، اگر کسی افسر نے انتظامی زیادتی کی ہو، بدعنوانی اور ناجائز مقاصد کے لیے اختیارات کا غلط استعمال کیا ہو، محکمہ یا افسر کی عدم توجہی، تاخیر، نااہلی اور نوٹسز جاری کئے جا رہے ہوں، بار بار غیر ضروری حاضری کے لیے طلب کیا جا رہا ہو، جان بوجھ کر غلطیاں کرنا جس سے ناانصافی جنم لے، جان بوجھ کر ریفنڈ کی رقم کی واپسی کو روکنا، ٹیکس کی وصولی کے لیے غیر قانونی طریقے اختیار کرنا، کسی افسر یا اہلکار کے خلاف کارروائی سے گریز کرنا جس کے جائزے یا تشخیص کے آرڈر کو کسی قابل اپیل اتھارٹی نے ناموزوں، غیر منصفانہ یا صریحاً غیر قانونی قرار دیا ہو۔ انہوں نے بتایا کہ انکم ٹیکس و سیلز ٹیکس یا کسی بھی قسم کے وفاقی ٹیکس حکام اور شکایت کنندہ کی سماعت کے بعد فیصلہ، سفارشات جاری کی جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی فریق فیصلہ، سفارشات سے مطمئن نہ ہو تو کوئی بھی فریق (ٹیکس حکام یا شکایت کنندہ) معزز وفاقی ٹیکس محتسب کے سامنے درخواست برائے جائزہ دائر کر سکتا ہے یا معزز صدر پاکستان کے سامنے درخواست برائے جائزہ دائر کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ کی درخواست پر اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ 45 دن کے اندر سفارشات پیش کر دی جاتی ہیں۔ بشرطیکہ وہ محتسب صاحب اور صدر صاحب کے پاس دوبارہ جائزے کے لیے زیر سماعت نہ ہوں۔ وفاقی ٹیکس محتسب نے بتایا کہ 2021 میں 2816 شکایت درج کرائی گئی تھیں جس میں سے ہزاروں شکایت کنندگان کی شکایات پر 60 دن کے اندر اندر فیصلے صادر کئے بلکہ ان پر عملدرآمد کو یقینی بنایا۔ اس طرح سیکڑوں ارب کے مالیاتی ریفنڈ دعوؤں کا فیصلہ کر کے ان کی رقوم کی واپسی کو یقینی بنایا گیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ٹیکس محتسب کو قانون کے مطابق از خود نوٹس لینے کا بھی اختیار حاصل ہے اور حال ہی میں سوزوکی موٹرز سے ہزاروں افراد کو ٹیکس کی رقم ریفنڈ کرائی گئی جس کا محتسب نے از خود نوٹس لیا تھا۔ محکمہ میں جاری بدعنوانی، بدانتظامی اور نااہلی سے ٹیکس دہندگان کے ساتھ اس انصافی اور قومی خزانے کو پہنچنے والے اربوں کے نقصان پر تحقیقات کر کے بہت سارے فیصلے جاری کئے گئے جس کے نتیجے میں نا صرف کئی دفتری امور میں جاری بدعنوانی اور نااہلی کا خاتمہ کیا گیا بلکہ ان فیصلوں کی وجہ سے اربوں روپے کے محصولات قومی خزانے میں جمع کئے گئے۔ اس طرح جن ٹیکس دفاتر کے متعلق بدعنوانی کی مسلسل شکایات موصول ہوئیں ان کا معائنہ کر کے جاری بدانتظامی کا سدباب کیا گیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس بات کو یقینی بنایا گیا ہے کہ وفاقی ٹیکس محتسب کے پاس شکایت کنندگان کو ٹیکس حکام کی انتقامی کارروائیوں سے تحفظ فراہم کیا جائے۔ شدید قسم کی بدانتظامی اور بدعنوانی میں ملوث ٹیکس حکام کے خلاف قانونی اور محکمانہ کارروائی کے احکام جاری کئے گئے۔ ریونیو ڈویژن نے بتایا کہ ایف بی آر کے کسی بھی عہدیدار کی بدعنوانی سے تنگ کوئی بھی شخص موبائل ایپ کے ذریعہ آن لائن یا بذریعہ ڈاک فارم اے پر شکایت درج کر سکتا ہے۔ شکایت کنندہ کو کسی بھی مشکل کی صورت میں وفاقی ٹیکس محتسب کے عملہ کے ذریعہ شکایت درج کرنے میں مدد فراہم کی جاتی ہے۔ شکایت درج کرانے سے لے کر تفتیش تک اور فیصلوں کے نفاذ تک کی تمام خدمات بلا معاوضہ پیش کی جاتی ہیں۔ اس تمام عمل میں قانونی مشاورت کے لیے وکیل کی ضرورت بھی نہیں ہوتی۔ شکایت کا اندارج علاقائی دفاتر میں بھی کروایا جا سکتا ہے۔ سید طاہر رضا زیدی نے کہا کہ انکم ٹیکس کے ساتھ ساتھ کسٹم اور سیلز ٹیکس کے محکمہ بھی ہمارے دائرہ اختیار میں آتے ہیں اور ہم نے کسٹم کی ناانصافیوں سے ٹیکس دہندگان کو بچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شوکاز کے جاری ہونے پر بھی محتسب سے رجوع کیا جا سکتا ہے۔ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ اس میں ان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ محتسب سے رجوع کرنے پر اپیل کا حق ختم نہیں ہوتا ہے۔ تقریب کے آخر میں معزز مہمانوں کو چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا نے ایسوسی ایشن کی جانب سے یادگاری شیلڈ پیش کی اور انہیں انڈونیشیا کے قرآن پیپر پر طبع شدہ خصوصی قرآن مجید کے نسخے بھی پیش کئے گئے۔ تقاریر کے بعد مہمانوں نے شرکا کے سوالات کے جوابات بھی دیئے۔ اس موقع پر دیگر شرکا میں سابق وائس چیئرمین حضرات غلام علی، سلمان صدیقی، شہزاد احمد، یحییٰ باری، اسلم جیلانی، ناصر قاسم، سابق صدر زین الدین سنیل کے علاوہ محمد احمد، رضا شیخ، عمران قاضی، شبیر قمری، مرتضیٰ علی، عرفان احمد اللہ والا، محمد شکیل، یاسین سرمہ والا اور دیگر شامل تھے۔ چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا نے اپنے خطاب میں معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور انہیں پیپر مرچنٹس کے زیر التوا کیسز اور کسٹم حکام کی زیادتیوں سے آگاہ کیا، انہوں نے کہا کہ ہم نے جب بھی محتسب سے رجوع کیا ہمیں بروقت ریلیف ملا ہے اور جلد ہی ہم کسٹم کی 2002 کی زیادتیوں کے نتیجے میں مارکیٹ کے ساڑھے پانچ کروڑ کے ریفنڈ کے کیسز بھی وفاقی ٹیکس محتسب کو بھیج دیں گے، انہوں نے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

(مزید رنگین تصاویر صفحہ 5 پر ملاحظہ کریں)

## درآمد پر پابندی، ایئرپورٹس پر فوکل پرسن تعینات

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آر نے ملک بھر کے ایئرپورٹس پر ایس آر او 598 کے اجراء کے بعد سے بیرون ملک سے آنے والے مسافروں کو مشکلات پیش آ رہی تھیں جس پر ایف بی آر نے مسافروں کو درپیش مشکلات کے ازالہ اور مسافروں کو سہولیات فراہم کرنے کے لئے کسٹمز افسران کو مقرر کر دیا گیا ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق کراچی ایئرپورٹ پر ایڈیشنل کلکٹر یوسف علی خان مگسی، 0333-246600 لاہور ایئرپورٹ پر ایڈیشنل کلکٹر ارم سہیل، 0300-4174177 سیالکوٹ ایئرپورٹ پر ایڈیشنل کلکٹر سید بابر علی شاہ، 0302-4444004 اسلام آباد ایئرپورٹ ایڈیشنل کلکٹر رضوان سلابت، 0300-9418696 پشاور ایئرپورٹ پر ایڈیشنل کلکٹر ذاکر، 0333-9719085 کوئٹہ ایئرپورٹ پر ایڈیشنل کلکٹر معین افضل، 0333-4416746 ملتان ایئرپورٹ پر ایڈیشنل کلکٹر رانا عرفان شوکت، 0321-9420479 فیصل آباد ایئرپورٹ پر ایڈیشنل کلکٹر متین عالم 0300-7991881 کو مقرر کیا گیا ہے مذکورہ افسران دیئے گئے فون نمبروں پر 24 گھنٹے موجود رہیں گے تاکہ بیرون ملک سے آنے والے مسافروں کو درپیش مشکلات کا فوری ازالہ کیا جا سکے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# وفاقی ٹیکس محتسب کے مشیران انکم ٹیکس و کسٹم کی اراکین اپیما سے ملاقات



26 مئی 2022 کو وفاقی ٹیکس محتسب کراچی ریجن میں تعینات مشیران وفاقی محتسب بدرالدین قریشی (انکم ٹیکس)، سید طاہر رضا زیدی (کسٹم) نے ڈائریکٹر عابد محمود کے ہمراہ دفتر آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کا دورہ کیا اور اراکین کو وفاقی ٹیکس محتسب کی ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنے کے طریقہ کار اور کارکردگی پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر لی گئی تصاویر میں چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس محمد سلیم بیکیا مہمانوں کو خوش آمدید کہہ رہے ہیں جبکہ سینئر وائس چیئرمین محمد انیس، صدر سید شاہنواز علی، رضا شیخ، محمد یوسف، سلمان صدیقی، احمد اظہر، مرتضیٰ علی، غلام علی، زین الدین سنیل، عبدالباسط، ناصر قاسم، عرفان اللہ والا، محمد رؤف، شبیر قمری، عمران قاضی، شہزاد احمد و دیگر بڑی تعداد میں اجلاس میں شریک ہیں۔



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# کنٹینرز ٹرمینلز کیلئے ریگولیٹری اتھارٹی بنائی جائے، عرفان اقبال

## کسٹم ایکٹ کی دفعہ 81، 25A اور 25D کے تحت مقدمات نقصان دہ ہیں، چیف کلکٹر کے دورۂ فیڈریشن کے موقع پر شرکاء کا اظہار خیال

کراچی (بزنس ڈیسک) صدر ایف پی سی سی آئی عرفان اقبال شیخ نے فیڈریشن ہاؤس میں کسٹم کے اعلیٰ حکام کے ساتھ اجلاس میں تاجر برادری کو درپیش مسائل اور بے ضابطگیوں پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ کنٹینرز ٹرمینلز کے ریگولیشن کے ادارے کی عدم موجودگی، سابقہ فاٹا اور پاٹا علاقوں کو دی گئی ٹیکسوں اور ڈیوٹیوں کی چھوٹ کا غلط استعمال، ریفنڈز میں تاخیر، غیر منصفانہ ڈیمریجز چارجز، ڈیجیٹلائزیشن اور کنٹینرز کے اسکینرز میں ناکافی سرمایہ کاری، ایچ ایس اور پی سی ٹی کوڈز میں ناکافی تنوع، صنعتی خام مال پر کیس کیڈنگ کے اصول کو نظر انداز کیا جانا اور تاجر برادری کے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ناکافی مشاورتی عمل کسٹم آپریشنز کے ہموار چلنے میں بڑی رکاوٹیں ہیں۔ عرفان اقبال شیخ نے کنٹینرز ٹرمینلز کے لیے ریگولیٹری اتھارٹی بنانے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ تاجروں اور کنٹینرز ٹرمینلز کے درمیان کام کرنے کے ماحول کو بہتر بنایا جا سکے۔ انہوں نے سابقہ فاٹا اور پاٹا علاقوں کو دی گئی استثنٰی کے غلط استعمال پر بھی اپنے گہرے تحفظات کا اظہار کیا؛ کیونکہ اس رجحان نے انڈسٹری میں مسابقتی عمل کو متاثر کیا ہے۔ عرفان اقبال شیخ نے سال 2005 سے ٹیکنالوجی کی اپ گریڈیشن اور کنٹینرز کے اسکینر کے چارجز کی ادائیگی پر بھی مایوسی کا اظہار کیا؛ کیونکہ ابھی تک وسیع پیمانے پر اپ گریڈیشن نہیں ہو سکی ہے۔ انہوں نے کسٹم حکام سے متنوع اقسام کی درآمدات کو صحیح انداز میں ڈیل کرنے کے لیے 16 ہندسوں کے ایچ ایس کوڈز کو اپنانے کا مطالبہ بھی کیا۔ نائب صدر ایف پی سی سی آئی انجینئر ایم اے جبار نے نشاندہی کی کہ ٹیرف ریشنلائزیشن کو مسلسل بدلتے ہوئے تجارتی اور صنعتی ماحول سے ہم آہنگ کرنے کے لیے نظرثانی کا عمل مسلسل جاری رہنا چاہیے اور تجویز پیش کی کہ ایف بی آر کے ممبر پالیسی کو اسٹیک ہولڈرز سے ریگولر مشاورت جاری رکھنی چاہیے۔ نائب صدر ایف پی سی سی آئی شبیر حسن منشاء نے کسٹم معاملات کے لیے ایف پی سی سی آئی کے لیے ایک فوکل پرسن کا مطالبہ کیا اور سیشن کو بتایا کہ تاجر برادری کو ریفنڈز میں تاخیر کا سامنا اس لیے بھی کرنا پڑتا ہے کہ پے آرڈرز تاجروں کو بتائے بغیر کیش کروا لیے جاتے ہیں اور اس پریکٹس کی وجہ سے ورکنگ کیپیٹل بلاک ہو جاتا ہے۔ ایف پی سی سی آئی کے کنوینر کسٹمز ثاقب فیاض مگوں نے سیکشن 81، 25A اور 25D کے تحت ضرورت سے زیادہ مقدمات کو نقصانات کا سبب بتایا اور مسلسل بڑھتے ہوئے ناجائز ڈیمریج چارجز پر افسوس کا اظہار کیا۔ ایف پی سی سی آئی کے وزٹ پر آئے کسٹم حکام کے اعلیٰ اختیاراتی وفد کی قیادت چیف کلکٹر ایم سی سی اپریزمنٹ (ساؤتھ) واجد علی کر رہے تھے۔ ان کے ہمراہ کلکٹر ویسٹ طاہر قریشی اور کلکٹر ایسٹ فیاض رسول بھی موجود تھے۔ ایف پی سی سی آئی کے سب سے بڑے مطالبے سے اتفاق کرتے ہوئے چیف کلکٹر واجد علی نے وعدہ کیا کہ کسٹم سے متعلق تاجر برادری کے تمام مسائل، تحفظات اور شکایات کو دور کرنے کے لیے فیڈریشن ہاؤس میں آن لائن کمپلین میکانزم کو لانچ کیا جائے گا۔ یہ میکانزم نہ صرف محکمہ کسٹم اور کاروباری برادری کے درمیان رابطے کو فروغ دے گا؛ بلکہ شکایات کے حل کے عمل کو بھی تیز کرے گا۔ چیف کلکٹر واجد علی نے سیشن کو بتایا کہ ان پٹ/آؤٹ پٹ کو ایفیشنٹ آرگنائزیشن نے سابقہ فاٹا اور پاٹا ریجن کے لیے کوٹے کا تعین کر لیا ہے لہذا اس کا غلط استعمال ختم ہو جائے گا۔ انہوں نے یہ عزم بھی ظاہر کیا کہ تاجروں کی سہولت کے لیے ریفنڈز کی واپسی پر تیزی سے کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ نیشنل سنگل ونڈو میں 12 ہندسوں پر مشتمل HS کوڈز پر کام کیا جا رہا ہے۔ چیف کلکٹر واجد علی نے مزید کہا کہ وہ کلاسی فکیشن کمیٹی میں اپنے نمائندے کو شامل کرنے کی تجویز باضابطہ طور پر دیں اور بتایا کہ آلٹرنیٹیو ڈیسپیوٹ ریزولوشن کمیٹی کی بھی تشکیل نو کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مزید کنٹینر اسکینرز مستقل بنیادوں پر شامل کیے جاتے رہیں گے اور کسٹمز ڈپارٹمنٹ ڈیجیٹلائزیشن کے بہترین طریقوں کی طرف بڑھ رہا ہے؛ تاہم اس بات کا اعادہ بھی کیا کہ تاجروں کی سہولت کے لیے مزید کام کرنے کی ضرورت ہے۔ چیف کلکٹر واجد علی نے تاجر برادری کی بہتری کے لیے ایف پی سی سی آئی کے لیے فوکل پرسن مقرر کرنے، پہلے سے جاری کردہ بل آف لیڈنگ اور لیٹر آف کریڈٹ کے لیے SRO598 کے تحت چھوٹ کے موثر نفاذ اور 90 دن کی ایڈوانس رولنگ کی سفارشات کا بھی خیر مقدم کیا۔

## خام مال، صنعتی مشینری اور آلات کی درآمد پر پابندی نہیں، وزارت تجارت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت کی جانب سے پرتعیش اور غیر ضروری اشیاء کی درآمد پر لگائی گئی پابندی سے متعلق وزارت تجارت نے ایک ہفتے میں دوسری وضاحت جاری کر دی، لوگوں کو درآمدات میں درپیش مشکلات کے ازالے کیلئے وزارت تجارت نے پہلی وضاحت 26 مئی کو اور دسرا وضاحتی میمورنڈم 30 مئی کو جاری کیا ہے، جس میں وضاحت کی گئی ہے کہ حکومت نے خام مال، صنعتی اور مینوفیکچرنگ کے مقاصد کیلئے درآمد کی گئی صنعتی مشینری اور آلات اور نیم تیار شدہ اشیاء کی درآمد پر پابندی عائد نہیں کی ہے جبکہ غیر ملکی گرانٹ سے چلنے والے منصوبوں کیلئے درآمد کی گئی اشیاء پر بھی پابندی عائد نہیں کی گئی، وزارت تجارت کے مطابق مختلف تجارتی تنظیموں اور مقامی صنعت کی جانب سے خام مال، نیم تیار شدہ اشیاء اور صنعتی آلات جو ایس آر او 598 (آئی) 2022 کے تحت مختلف پی سی ٹی کوڈ میں آتے ہیں ان کی درآمد پر پابندی سے متعلق تحفظات ظاہر کیے گئے جبکہ 26 مئی کو جاری وضاحت کے مطابق ایسی اشیاء کی درآمد پر بھی پابندی عائد نہیں ہوگی جن کے ائیر بل ایس آر او سے قبل جاری ہو چکے ہیں۔


لاہور کی پیپر مل کو

مشین مین چائنہ کٹر H.S.C / C H M

اور ریم پیکنگ والے لڑکوں کی ضرورت ہے

برائے رابطہ:

WHATSAPP:0305-4778992,0300-4031013----EMAIL:msgtllc@gmail.com





یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

ANM

# A N M TRADING CO

*Importer : Paper & Paper Board*

## Deals in:

**OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND**

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

**COATED ART PAPER & ART CARD**

*1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan*

*Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com*





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# نقالوں سے ہوشیار!!

# اطلاعِ عام

ہم اپنے معزز Label Tac Sticker کے خریداروں کو مطلع کرتے ہیں کہ پیپر مارکیٹ میں ہلکی کوالٹی منگوا کہ اسکو LABEL TEK کا نام دے کے اس کو اصل کر کے خریداروں کو بھر پور دھوکہ دے کے بیچنے کی کوشش کر رہے ہیں۔
ہم اپنے تمام معزز اور ایماندار دکانداروں، پرنٹرز اور پیکیجنگ انڈسٹریز کو آگاہ کرنا چاہتے ہیں کہ ان کی جالسازی سے ہوشیار رہیں اور جعلی LABEL TEK Sticker Paper نہ لیں۔ تمام پیپر کے تاجروں سے گذارش ہے کہ اس طرح کی حرکتوں کے خلاف ہمارا بھر پور ساتھ دیں اصلی **Label Tac Sticker** اور نقلی LABEL TEK STICKER کی تصاویر نیچے شائع کی جارہی ہیں تا کہ آپ حضرات ان کا فرق دیکھ سکیں۔ ہم اپنے معزز دوستوں کو یہ بھی بتانا چاہتے ہیں کہ **Label Tac** برانڈ کو **ATC Pakistan (Pvt) Ltd.** نے مورخہ 10-06-2020 کو رجسٹرڈ کرایا۔

ان تمام حالات اور پیپر مارکیٹ کے مفاد میں ہم نے اس کی روک تھام کے سلسلے میں ملک کے مشہور LAW FIRM کی خدمات حاصل کر لی ہیں جو کہ اب ہم قانونی کاروائی کا حق رکھتے ہیں۔

**ATC Pakistan (Pvt) Ltd.** تمام تاجر برادری کا شکریہ ادا کرتی ہے کہ انہوں نے اصلی **Label Tac** کی فروخت میں ہمارا بھر پور ساتھ دیا۔

## اصلی




## نقلی




**ATC Pakistan (Pvt) Ltd.**
ATC Source of Paper & Board
HEAD OFFICE: Room # 210, 2nd Floor, Europa Centre, Hasrat Mohani Road,
Karachi-74000, Pakistan. Ph: 92-21-32628027, 32628028 Cell: 0321-2888008
Email: info@atcpakistan.net Website: www.atcpakistan.net



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# ORIGINAL

# LABEL TAC®

## Premium Quality Sticker Paper

LT

PREMIUM QUALITY 100% GUARANTEED

## Excellent for your needs

FOR DETAILS PLEASE CONTACT

MILLS REPRESENTATIVE

ATC
Source of Paper & Board

### ATC Pakistan (Pvt) Ltd.

HEAD OFFICE: Room # 210, 2nd Floor, Europa Centre, Hasrat Mohani Road, Karachi-74000, Pakistan. Ph: 92-21-32628027, 32628028 Cell: 0321-2888008
Email: info@atcpakistan.net Website: www.atcpakistan.net

# tjiwi kimia paper products

www.tjikimia.co.id

## PAPER THAT WORKS EVERYDAY



### ART PAPER

- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



### PHOTOCOPY PAPER

- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

PAPERLINE GOLD · ExcelPro · MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE · a1ne



### WOODFREE PAPER

- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eXp EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eXp pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eXp srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



### SPECIALTY & CARBONLESS PAPER

- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



### QUALITY STATIONERY ITEMS

- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS
  MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



### OTHER PRODUCTS

- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

### FOR BOOKING CONTACT

IBM™ ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA
## Brands

## Products of PINDO DELI



ہم ساہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

**International Business Management**

ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.

UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010-11

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725




IBM TM

ISO 9001:2015 CERTIFIED

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

Brands of the year Award TM IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award TM IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# کنٹینرز سے اصل انوائسز کی برآمدگی کے لیے اپریزمنٹ ویسٹ نے طریقہ کار جاری کر دیا

کراچی (بزنس ڈیسک) SRO 567(1)/2022 کے مناسب نفاذ کے لیے، کلکٹر اپریزمنٹ ویسٹ طاہر قریشی نے ایف سی ایل کنٹینرز/ ایل سی ایل کنسائنمنٹس کی ڈی اسٹفنگ کے لیے اصل انوائسز کی برآمدگی کا طریقہ کار جاری کر دیا ہے جس کے تحت،

مکمل کنٹینر لوڈ (FCL) کنسائنمنٹس کے لیے:

i) درج ذیل پر مشتمل ٹیم ڈی سی سیلنگ سرگرمی انجام دے گی:

a) اپریزنگ آفیسر (ایگزامینیشن) ہفتہ وار روسٹر میں نامزد۔

ب) متعلقہ ٹرمینل کا یارڈ انچارج۔

c) ٹرمینل آپریٹر کے ذریعہ باضابطہ طور پر مقرر کیا گیا تھرڈ پارٹی سرویئر۔

ii) ڈی سیلنگ اور انوائس کی برآمدگی کی سرگرمی کی ویڈیو ریکارڈنگ ٹرمینل آپریٹر کے ذریعہ کی جائے گی اور مذکورہ ریکارڈنگ کا بیک اپ کم از کم تیس دنوں تک برقرار رکھا جائے گا۔

iii) انوائس ریٹریول شیٹ کو "Anex-A" کے طور پر منسلک فارمیٹ کے مطابق برقرار رکھا جائے گا اور اس پر ہر ٹیم ممبر کے دستخط کیے جائیں گے۔

iv) ہر ملنے والی انوائس پر ٹیم کے ارکان کے دستخط ہوں گے اور متعلقہ ایگزامیننگ آفیسر کی طرف سے ایگزامینیشن رپورٹ کے ساتھ اسے اپ لوڈ کیا جائے گا۔

کنٹینر لوڈ سے کم کنسائنمنٹس کے لیے:

i) ہر ایل سی ایل کنٹینر کو درج ذیل ٹیم ممبران کی موجودگی میں ڈسچارج کیا جائے گا۔

a) کسٹمز کا نمائندہ؛ ب) متعلقہ ٹرمینل آپریٹر کا نمائندہ؛

c) ٹرمینل آپریٹر کے ذریعہ باضابطہ طور پر مقرر کیا گیا تھرڈ پارٹی سرویئر۔

ii) ڈی سی سٹفنگ کے وقت ہر انڈیکس کے کارگو کی تصاویر سرویئر کے ذریعہ لی جائیں گی اور اس طرح کی تصویروں کا ریکارڈ کم از کم تیس دنوں کے لیے رکھا جائے گا۔

iii.) انوائس کی برآمدگی شیٹ کو "Anex-B" کے طور پر منسلک فارمیٹ کے مطابق برقرار رکھا جائے گا اور اس پر ہر ٹیم ممبر کے دستخط کیے جائیں گے۔

iv.) ہر ملنے والی انوائس پر ٹیم کے ارکان کے دستخط ہوں گے اور متعلقہ ایگزامیننگ آفیسر کی طرف سے ایگزامینیشن رپورٹ کے ساتھ اسے اپ لوڈ کیا جائے گا۔

# حکومت کرپٹو کرنسی کے اثاثوں پر گین ٹیکس لگا کر 90 ملین ڈالر کا ٹیکس حاصل کر سکتی ہے، ذیشان احمد

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستان میں کرپٹو کرنسی کی لین دین کو قانونی حیثیت حاصل نہ ہونے کی وجہ سے بہت سے پاکستانی دیگر طریقوں سے یہ کام کر رہے ہیں، جس سے ان کے ساتھ دھوکہ دہی کے خطرات کافی زیادہ ہیں۔ پاکستان میں کرپٹو کرنسی کو اپنانے میں حائل سب سے بڑی رکاوٹ لوگوں میں معلومات کا فقدان ہے۔ اس حوالے سے ریگولیٹرز اور اسٹیک ہولڈرز کو ابتدائی تربیت دینے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار مشرق وسطیٰ، ترکی، پاکستان اور افریقا میں کرپٹو کرنسی کی قابل بھروسہ خدمات سرانجام دینے والے پلیٹ فارم RAIN کے جنرل مینیجر اور دیگر افسران نے وزارت خزانہ کے حکام سے ملاقات میں کیا۔ Rain کے جنرل مینیجر ذیشان احمد کا اس حوالے سے کہنا تھا کہ اگر کرپٹو اثاثوں پر کیپیٹل گین ٹیکس لاگو کیا جائے تو اس سے تقریباً 90 ملین ڈالر کا ٹیکس حاصل کیا جا سکتا ہے۔ کرپٹو اثاثوں کی پہلی لائسنس یافتہ کمپنی نے حکومت کو تجویز پیش کی ہے کہ حکومت کرپٹو اثاثوں کی لین دین اور ان پر ٹیکس لاگو کرنے کے حوالے سے قانون سازی کرے۔ ذیشان احمد کا اس حوالے سے کہنا تھا کہ مغرب اس بات کو تسلیم کر چکا ہے کہ کرپٹو اثاثوں کی ٹریڈنگ گرے ایریاز میں جاری رہنا چاہئے جس طرح پاکستان میں کی جا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یورپ اس پر عمل کر چکا ہے اور خلیجی مالک بھی اس کی افادیت کو تسلیم کر چکے ہیں، پاکستان کو بھی چاہیئے کہ وہ کرپٹو اثاثوں کو قانونی قرار دیتے ہوئے اس پر ٹیکس لاگو کر دیں۔ میٹنگ میں RAIN کے حکام نے کرپٹو کرنسی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک نیا میدان ہے، جس میں بہت زیادہ ٹیکنیکی معلومات اور نگرانی کی ضرورت بھی پیش نہیں آتی۔ وزارت خزانہ کے علم میں یہ بات بھی لائی گئی کہ ڈارک ویب کے ذریعے 8 ہزار سے زائد کرپٹو کرنسیوں کی لین دین کی جاتی ہے اور ان میں سے اکثریت جعل سازوں کی ہے جو سرمایہ کاروں کو کسی قسم کا تحفظ فراہم نہیں کرتے۔ RAIN کی ڈائریکٹر برائے پبلک پالیسی عاتکہ لطیف نے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ جدید معیشت میں کرپٹو اثاثوں کو نہایت اہمیت حاصل ہے اور دنیا کا کوئی بھی ملک یا فرد آنے والے دور کے اس ڈیجیٹل ٹرینڈ سے دور نہیں رہ سکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ دنیا کی بڑی کمپنیوں بشمول اسٹاربکس اور ایمریٹس ایئرلائن نے ادائیگیوں کے لیے کرپٹو کرنسیاں قبول کرنا شروع کر دیں ہیں۔ جب کہ بھارت نے کرپٹو اثاثوں سے ہونے والی آمدن پر 31 فیصد ٹیکس لاگو کر دیا ہے۔ واضح رہے کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اور مرکزی بینک نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ ز اور فنانشل ایکشن ٹاسک فورس (فیٹف) کی وجہ سے کرپٹو کو اپنانے سے انکار کر دیا ہے۔

## لاہور چیمبر: کاروباری نوجوانوں کی تربیت کیلئے پروگرام

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری 11 جون بروز ہفتہ صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک کاروباری شعبہ کی ترقی کے موضوع پر انٹرپنیورز کیلئے ایک روزہ تربیتی پروگرام منعقد کر رہا ہے جو نوجوان کاروباری افراد کے کامیاب بزنس مین بننے کیلئے تربیت کا بہترین موقع ہے۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے اس تربیتی پروگرام کے ذریعے ینگ انٹرپنیورز کو کاروباری ترقی کیلئے ماہرین تفصیلی رہنمائی فراہم کریں گے۔ لاہور چیمبر کے صدر میاں نعمان کبیر، سینئر نائب صدر میاں رحمن عزیز چن اور نائب صدر حارث عتیق نے کہا کہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا ایک روزہ تربیتی پروگرام ان کاروباری افراد کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے جو اپنے کاروبار کو تیزی سے ترقی دینا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بالخصوص نوجوان تاجروں کو اس پروگرام میں لازمی شرکت کرنی چاہیے۔

# پاکستان میں 9 ماہ میں پیپر و پیپر بورڈ کی پیداوار 6 لاکھ ٹن ہو گئی

## مارچ میں ساڑھے گیارہ فیصد اضافی پیداوار ہوئی جو کہ 73 ہزار ٹن تھی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملک میں پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار میں جاری مالی سال کی پہلی تین سہ ماہیوں میں عمومی اضافہ کا رجحان دیکھنے میں آیا ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کی جانب سے اس حوالہ سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق جولائی سے لیکر مارچ 2022 تک کی مدت میں ملک میں پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار میں سالانہ بنیادوں پر 8. 5 فیصد اور مارچ میں 11.6 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق جولائی سے لیکر مارچ 2022 تک کی مدت میں ملک میں 599583 میٹرک ٹن پیپر اینڈ پیپر بورڈ کی پیداوار ریکارڈ کی گئی ہے جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 8.5 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملک میں 552824 میٹرک ٹن پیپر اینڈ پیپر بورڈ کی پیداوار ریکارڈ کی گئی تھی۔ مارچ 2022 میں ملک میں 73716 میٹرک ٹن پیپر اینڈ پیپر بورڈز کی پیداوار ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ سال مارچ کے مقابلہ میں 11.6 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ سال مارچ میں ملک میں 66034 میٹرک ٹن پیپر اینڈ پیپر بورڈ کی پیداوار ریکارڈ کی گئی تھی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# مقامی کاغذ کی قیمتیں کم نہ ہوئیں تو کاروبار بند کردیں گے، چیئرمین پاکستان بک سیلرز اینڈ پبلشرز خالد پرویز

لاہور(نمائندہ خصوصی خالد پرویز چیئرمین آل پاکستان بک سیلرز اینڈ پبلشرز، کنوینئر لاہور چیمبر ٹیکسٹ بک کمیٹی اور صدر اردو بازار لاہور نے ملک کے محب وطن تمام اداروں، سپریم کورٹ، ہائی کورٹ، افواج پاکستان، وزیر اعظم پاکستان، وزیر اعلی پنجاب، چیف سیکرٹری اور پاکستان کے تمام میڈیا مالکان سے اپیل کی ہے کہ اس اہم مسئلہ پر توجہ دیں جس کی وجہ سے کاپی کتاب کی تجارت مکمل برباد ہو چکی ہے۔ سابقہ حکمرانوں کی نہ اہلی اور رشوت خوری کی وجہ سے مقامی پیپر مل مالکان نے بھاری رشوت دینے کا وعدہ کر کے کاغذ کے ریٹوں میں 95 روپے فی کلو کا منافع رکھا ہے۔ جس نے غریب آدمی کے لیے تعلیم کے دروازے بند کر دیے ہیں اور بقول مل مالکان کے ہم نے بھاری معاوضہ ادا کیا ہے، اس لیے ہم ریٹ بڑھا رہے ہیں جب کہ مہنگائی کا اس سے کوئی تعلق نہیں۔ خام مال میں استعمال ہونے والی توڑی کے ریٹ زمین پر آئے ہوئے ہیں اور کاغذ کی قیمت آسمان پر پہنچا دی گئی ہیں۔ خالد پرویز نے کہا کہ مختلف شہروں کے تاجروں کا ایک ہنگامی اجلاس ہوا جس میں کاپی مینوفیکچررز، پریس مالکان اور بک بائنڈرز نے فیصلہ کیا ہے کہ اس سال کاغذ کی قیمتیں کم نہ ہوئیں تو یہ تمام تاجر حضرات اپنے کاروبار بند کر دیں گے۔ تاجران کے علم میں یہ بات بھی آئی ہے کہ کاغذ مل مالکان بلا انوائس گاڑیاں ملوں سے نکال رہے ہیں اور کروڑوں کے ٹیکس چوری کر رہے ہیں۔ اندھیر نگری یہ ہے کہ پنجاب ٹیکس بک بورڈ کے کا ٹینڈر ہوتا ہے تو کاغذ کے ریٹ 140 کر دئے جاتے ہیں اور جب ٹینڈر پاس ہوتا ہے تو یہی کاغذ 200 روپے KG تک پہنچا دیا جاتا ہے۔ آج تاجروں نے فیصلہ کیا ہے کہ 140/KG روپے سے زیادہ کاغذ نہ لیں گے۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو پبلشرز، کاپی مینوفیکچررز، پریس مالکان، بک بائنڈرز اپنا کاروبار بند کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ خالد پرویز نے کہا کہ ہم ان سارے حالات کے متعلق حکومت کو آگاہ کرنا چاہتے ہیں کہ اگر کسی بچے کو کتاب و کاپی نہیں ملے گی تو بلا شبہ اس سے سنگین بحران پیدا ہوگا۔ ان لوگوں کا کام ہے کہ بحران پیدا کیا جائے اور حکومت کو بدنام کیا جائے لیکن کوئی محب وطن یہ ہونے نہیں دے گا۔ انہوں نے متعلق اداروں سے گزارش ہے کہ اس کا فوری ازالہ کریں یا ڈیوٹی فری کاغذ منگوانے کی اجازت دیں۔ انہوں نے اس اپیل کی نقول میاں شہباز شریف، وزیر اعظم پاکستان، چیف جسٹس پاکستان سپریم کورٹ، چیف آف دی آرمی سٹاف، چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ، میاں حمزہ شہباز شریف، وزیر اعلی پنجاب، چیف سیکریٹری پنجاب، ایم ڈی پنجاب ٹیکسٹ بورڈ، سیکریٹری ایجوکیشن، الیکٹرونک میڈیا و اخبارات (مالکان) و نامور صحافی صاحبان کو بھی ارسال کی ہیں۔

# پرتعیش اشیاء پابندی، اوورسیز پاکستانی پریشان

کراچی (بزنس ڈیسک) پاکستان کسٹمز نے مسافروں کے سامان سے چاکلیٹس، پھل، اشیائے خورونوش و دیگر کی ضبطگی کے بعد انٹرنیشنل میل آفس میں آنے والے پارسلز اور امیجیٹ کلیئرنس گڈز کے شعبے میں درآمدی سبزیوں، پھلوں، گوشت، فروزن فش سمیت ممنوعہ فہرست میں شامل نئی اشیا کے کنسائنمنٹس بھی روک دیے۔ ممنوعہ اشیا کی نئی فہرست کے اجرا سے اوورسیز پاکستانی سب سے زیادہ پریشان ہیں جو دو یا تین سال بعد پاکستان آمد پر اپنی فیملی و احباب کے لیے چاکلیٹس، شیمپوز و دیگر اشیا تحفے کی صورت لانے کی سہولت سے بھی محروم ہو گئے ہیں۔ پاکستان کسٹمز کے حکام کا موقف ہے کہ وہ چیئرمین ایف بی آر کے احکامات کے تحت تمام ہوائی اڈوں، بندرگاہوں اور لینڈ بارڈر اسٹیشنز پر نئی ممنوعہ اشیا کی فہرست میں شامل پرتعیش اشیا کی چھوٹی آمد روک رہے ہیں تاکہ نئی ممنوعہ اشیا سمیت دیگر اشیا کی اسمگلنگ کی روک تھام کو یقینی بنایا جا سکے۔ کسٹم حکام کا کہنا ہے کہ وفاقی وزیر خزانہ اور چیئرمین ایف بی آر نے یہ واضح ہدایات بھی جاری کی ہیں کہ ذاتی استعمال کے لیے غیر تجارتی/کم مقدار میں سامان لانے والے مسافروں کو ہراساں نہ کیا جائے اور قانونی دفعات کے مطابق ہوائی اڈوں پر ایسے مسافروں کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کیا جائے۔ کسٹم حکام کے مطابق جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی پر مختلف ممالک سے آنے والی پروازوں کی اچھی طرح اسکیننگ و چیکنگ کے دوران ان مسافروں کے سامان سے ایسی ممنوعہ اشیا برآمد کر کے ضبط کیا گیا ہے جو ان کے ذاتی استعمال کی نہیں تھیں بلکہ ان ضبط شدہ اشیا کی مقدار ذاتی استعمال میں آنے والی مقدار سے زیادہ تھی جس کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ امریکا سے آنے والے ایک مسافر کے سامان سے قیمتی امریکن برانڈ کے 96 جوڑے برآمد کر کے ضبط کیے گئے، جبکہ ایک دوسرے مسافر کے سامان سے 213 استعمال شدہ موبائل فونز اور بڑی مقدار میں موبائل فونز ایسیریز برآمد کر کے ضبط کی گئیں۔ کارروائیوں کے دوران مختلف مسافروں کے سامان سے چار پانچ اور سات کلوگرام وزن کے علیحدہ علیحدہ غیر ملکی فوڈ اسٹف برآمد کیا گیا جس کی مجموعی مقدار 76 کلوگرام ہے، اسی طرح مختلف مسافروں سے مجموعی طور پر 127 کلوگرام پھل، ایک مسافر سے 42 کلوگرام وزن کے حامل قیمتی سینیٹری ویئر، ایک مسافر سے 133 درہم کی حامل 110 گھڑیاں اور 3 درہم ویلیو کی 500 گھڑیاں برآمد کر کے کسٹم ایکٹ مجریہ 1969 کے سیکشن 168 کے تحت ایس آر او 598 اور امپورٹ پالیسی آرڈر 2022 کی خلاف ورزی پر ضبط کر لیا گیا ہے۔ بیرون ملک سے آنے والے مسافروں نے بتایا کہ وہ اپنے خاندان اور بچوں کے لیے غیر تجارتی بنیاد پر غیر ملکی چاکلیٹس یا دیگر اشیا محدود پیمانے پر ساتھ لائے تھے جنھیں ایئرپورٹ پر تعینات کسٹم حکام نے ضبط کر لیا ہے جو مسافروں کے ساتھ کھلی ناانصافی ہے۔ محسوس ہوتا ہے کہ حکومت پرتعیش اشیا کی آڑ میں پاکستان واپس آنے والے مسافروں کو ان کے بنیادی حق سے بھی محروم کر رہی ہے۔ دوسری جانب کسٹم حکام کا کہنا ہے کہ انھوں نے وفاقی حکومت کے جاری کردہ نوٹیفکیشن 2022(I)598 اور درآمدی اشیا کی ممنوعہ فہرست میں شامل ان پرتعیش اشیا کی اسمگلنگ کو روکنا شروع کیا ہے جس کے لیے ملک بھر کے ایئرپورٹس کے بین الاقوامی آمد کے ٹرمینلز پر 24 گھنٹے مسافروں کے سامان کی مکمل اسکیننگ اور سخت نگرانی کی جا رہی ہے اور آنے والے مسافروں کے سامان سے مذکورہ ممنوعہ اشیا کو ضبط کیا جا رہا ہے۔ ایف بی آر کا ہوائی اڈوں پر مسافروں کی اشیا روکنے، ضبط کرنیکا نوٹس فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ہوائی اڈوں پر مسافروں کے پرسنل بیگیج چھوٹی مقدار میں کھانے پینے کی سمیت دیگر اشیا روکنے اور انہیں ضبط کرنے کا نوٹس لے لیا ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے بدھ کو چیف کلکٹر کسٹم اسلام آباد کراچی پشاور کوئٹہ لاہور کو بھیجے مکتوب میں کہا گیا ہے کہ حکومت کی جانب سے 19 مئی 2022 کو ایس آر او نمبر 598 کے تحت ان پرتعیش اشیاء کی تفصیلی فہرست جاری کی گئی تھی جن کی درآمد پر تاحکم ثانی پابندی عائد کر دی گئی ہے لیکن بورڈ کے نوٹس میں آیا ہے۔ فیلڈ فارمیشنز خاص طور پر ہوائی اڈوں پر مسافروں کے ذاتی سامان سے چھوٹی مقدار میں سامان خاص طور پر کھانے پینے کی اشیا کو بھی متعلقہ حکام نے روکنا شروع کر دیا ہے جس مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے لہذا ایف بی آر اس معاملے پر سخت نوٹس لیتے ہوئے ہدایت کرتا ہے کہ مذکورہ اشیا کی صرف کمرشل مقدار روکا یا ضبط کیا جائے۔

## وزیر اعلیٰ پنجاب سے فیڈریشن کے صدر کی ملاقات

لاہور (بزنس ڈیسک) وزیر اعلی پنجاب حمزہ شہباز نے کہا ہے کہ پاکستان کو اس وقت معاشی اور دیگر چیلنجز کا سامنا ہے، سب نے ملکر مشاورت کے ساتھ پاکستان کو معاشی مشکلات سے نکالنا ہے۔ وزیر اعلی پنجاب حمزہ شہباز سے فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے صدر عرفان اقبال شیخ کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی، اس موقع پر حمزہ شہباز نے کہا کہ اجتماعی فیصلوں سے معیشت کو مضبوط بنانا ہوگا۔ ہمیں چیلنجز کو مواقع میں تبدیل کرنا ہے۔ سابق غلطیوں کو درست کر کے آگے بڑھنا ہے۔ حمزہ شہباز نے کہا کہ چھ ماہ تک یہی فیصلہ نہ ہو سکا کہ آئی ایم ایف کے پاس جانا ہے کہ نہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# لاہور: ملز مالکان کے ساتھ مل کر اردو بازار کے تاجروں کو تباہ کیا جارہا ہے، ابوذر غفاری، نواز نیاز و جاوید اقبال کا سرکلر

لاہور (پیپر بزنس نیوز) ابوذر غفاری، نواز نیاز اور جاوید اقبال کے نام سے ایک سرکلر اردو بازار میں تقسیم کیا گیا ہے جس میں ان رہنماؤں نے الزام لگیا ہے کہ ایک دوسرے گروپ نے ''اندھیر نگری چوپٹ راج'' کے مصداق ہمیں بیوقوف بنانے کا وہی پرانا گھسا پٹا طریقہ کار اختیار کیا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ آج کی بات نہیں گزشتہ کئی سالوں سے ہمارے خود ساختہ صدر اور اس کے حواری پیپر ملز مالکان کے ساتھ مل کر ہمارے کاروبار اور اس اردو بازار کو تباہ کر رہے ہیں۔ آج جب اردو بازار کے تاجر جو مہنگے داموں کاغذ خرید کر کتاب، گائیڈ، کاپی اور رجسٹر چھاپ چکے ہیں تو ہمارے اردو بازار کے خود ساختہ صدر نے صدر پاکستان، وزیراعظم پاکستان، چیف آف آرمی اسٹاف اور چیف جسٹس آف پاکستان کو مخاطب کر کے ایک اپیل کی ہے کہ جناب عالی! ہمارے گوداموں میں پچھلے سال کا سستے داموں خریدا گیا کاغذ ختم ہوگیا ہے اور پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ اور دیگر اداروں سے ہمارے کروڑوں کے چیک بن کر آچکے ہیں اب کاغذ کو سستا ہونا چاہیے ورنہ ہم اردو بازار کے تاجروں کو بیوقوف بنا کر ہڑتال کر دیں گے اور جیسے ہی ہماری بکنگ اور ڈیمانڈ مکمل ہوگی کاغذ کی قیمت پھر بڑھا دیجئے گا۔ ان دولت کے پجاریوں کا پیپر مل مالکان سے خفیہ معاہدہ ہے کہ تم ہمیں سستے داموں کاغذ دو بدلے میں ہم اس بازار کے غریب تاجروں کے جسموں سے تمہیں بوٹیاں نوچنے کی مکمل آزادی دیں گے اور اس گونگے بہرے اردو بازار میں کس کی مجال ہے کہ کوئی ان کے سامنے کھڑا بھی ہو سکے۔ اب ایسا نہیں چلے گا۔ پیپر ملز مالکان کو اردو بازار کے تاجروں کے ساتھ بیٹھ کر ریٹ کم یا زیادہ کرنے کی وجہ بتانی پڑے گی اور اب یہ لوگ ہمیشہ کی طرح کاغذ کی سپلائی کم اور مصنوعی قلت پیدا کر کے کاغذ کی قیمت بھی نہیں بڑھا سکیں گے۔ ہم اردو بازار کے غیور تاجران پیپر ملوں کے ان دلالوں کو عبرت کا نشان بنا دیں گے۔ دوستوں خدا نے بھی اس قوم کی حالت نہیں بدلی، جس قوم کو خود اپنی حالت بدلنے کا خیال نہ ہو۔ ابوذر غفاری، نواز نیاز اور جاوید اقبال نے کہا کہ اردو بازار پر غاصبانہ طور پر ناجائز قابض قیادت کو الیکشن کے ذریعے اٹھا کر باہر پھینکنے کا وقت آگیا ہے۔ اور ہم سب مل کر اپنے کاروبار اور اپنے بازار کو بچانے کے لیے سیسہ پلائی دیوار بن جائیں گے۔

## پراپرٹی ٹیکس کے عملے کو بلدیاتی اداروں سے منسلک کیا جائے گا، وزیراعلیٰ سندھ

کراچی (بزنس ڈیسک) وزیراعلیٰ سندھ اور عالمی بنک کے کنٹری چیف نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پراپرٹی ٹیکس کی وصولی کے لئے ٹیکس جمع کرنے والے عملے کو بلدیاتی اداروں کے ساتھ منسلک کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور ورلڈ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر ناجے بنہاسین نے منگل 31 مئی 2022 کو وزیراعلیٰ ہاؤس میں ہونے والی ملاقات میں اپنی متعلقہ ٹیموں کے ساتھ عالمی بینک کے مجموعی پورٹ فولیو، جاری اور اسکیموں پر تبادلہ خیال کیا اور اس بات پر اتفاق کیا کہ اگر کوئی رکاوٹیں ہیں تو انہیں دور کیا جائے تاکہ صوبے کے عوام کے وسیع تر مفاد میں انہیں مکمل کیا جا سکے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پراپرٹی ٹیکس کی وصولی پہلے ہی بلدیاتی اداروں کو منتقل کر دی گئی ہے لیکن ان کے پاس وصولی کے مسائل ہیں۔


**توجہ فرمائیں.....!**

ہفت روزہ ''پیپر بزنس'' میں اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کئے جاتے ہیں، ادارہ کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔


# فیڈریشن: پنجاب آفس کیلئے اپنی بلڈنگ خرید لی گئی ہے، عرفان اقبال شیخ

لاہور (نیوز ڈیسک) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے صدر عرفان اقبال شیخ، ریجنل چیئرمین محمد ندیم قریشی کی کاوشوں اور سابق صدر و چیئرمین بی ایم پی گروپ میاں انجم نثار کی خواہش پر پنجاب کی بزنس کمیونٹی کے لئے ایف پی سی سی آئی لاہور کی نئی بلڈنگ خرید لی گئی اور بیانے کے طور پر ایڈوانس رقم ادا کر دی گئی۔ اس موقع پر محمد ندیم قریشی نے کہا کہ آج کا دن فیڈریشن چیمبر کی تاریخ کا یادگار دن ہے۔ فیڈریشن پنجاب ریجنل آفس کرائے کی بلڈنگ سے اپنی ملکیتی بلڈنگ میں منتقل ہونے جا رہا ہے۔ انشاء اللہ اگلے دو ماہ میں نئی بلڈنگ کو تزئین و آرائش کر کے آفس کو نئی بلڈنگ میں منتقل کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ تقریباً چالیس سال سے ایف پی سی سی آئی کا آفس کرایہ کی بلڈنگ میں اپنے فرائض سرانجام دے رہا تھا۔ نئی بلڈنگ کی خریداری تمام ایگزیکٹو کمیٹی اور جنرل باڈی ممبران کے تعاون سے ممکن ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری افراد کے لیے ایف پی سی سی آئی ریجنل آفس لاہور میں سہولت سنٹر قائم کیا جائے گا۔ محمد ندیم قریشی نے مزید کہا کہ میں خصوصی طور پر فیڈریشن چیمبر کے صدر عرفان اقبال شیخ کا مشکور ہوں کہ انہوں نے ایف پی سی سی آئی لاہور کی نئی بلڈنگ خریدنے میں ہماری معاونت کی اور میں تمام ایسوسی ایشنز و چیمبرز بالخصوص پنجاب کے متعلقہ ایسوسی ایشنز و چیمبرز کے دوستوں کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

حصہ دوم (آخری قسط)

# کاغذ اور کاغذ بورڈ کی خرید و فروخت کے عمومی تجارتی قوانین

ترجمہ: علیم احمد

دس ٹن تک........جمع یا نفی 10 فیصد یا بذریعہ گفت و شنید

10 ٹن سے زائد اور 20 ٹن تک......جمع یا نفی 7.5 فیصد

20 ٹن سے زائد اور 50 ٹن تک...جمع یا نفی 5 فیصد

50 ٹن سے زائد......جمع یا نفی 5.2 فیصد

## دوہری گنجائش
## Double Tolerance

تمام صورتوں میں جو اوپر بیان کردہ مینوفیکچرنگ میں تغیر کی شقوں کے تحت آتی ہیں جہاں کہیں بھی بال کی فراہمی میں ایک جانب Side کو گنجائش کی حدود سے خارج کیا جائے گا تو دوسری جانب دوہری گنجائش کا اطلاق ہوگا۔

مثلاً اگر کوئی گاہک آرڈر دے کہ 15 ٹن سے کم نہ ہو تو فراہم کردہ مقدار میں تغیر کی گنجائش منفی 0 فیصد اور جمع 2x7.5=15 فیصد ہوگی۔ اگر گاہک کی ریل کی چوڑائی بتائے کہ" 600 ملی میٹر سے کم نہ ہو تو پھر چوڑائی میں گنجائش منفی 0 ملی میٹر اور جمع 2x2=4 ملی میٹر ہوگی۔

**نوٹ**

یہ آرٹیکل 1996 میں قسط وار شائع کیا گیا تھا جس کا حصہ دوم قارئین کے لئے پیش خدمت ہے، تاریخیں مندرجہ ذیل ہیں۔

پانچویں قسط: مورخہ 27 مارچ تا 2 اپریل 1996، شمارہ نمبر 14

چھٹی قسط: مورخہ 3 تا 9 اپریل، شمارہ نمبر 15

ساتویں قسط: مورخہ 10 تا 16 اپریل، شمارہ نمبر 16

آٹھویں قسط: مورخہ 24 تا 30 اپریل، شمارہ نمبر 17/18




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# درآمدات پر پابندی کے احکامات کو بھی موخر کیا جائے، چیئرمین ایف بی آر کے نام عرفان اقبال کا خط

